
پناہ کے طلبگار افراد کے سینٹر
ریسیپسین اور ٹرانزٹ سینٹر
SUBOTICA
SOMBOR
KIKINDA
NOVI SAD
ŠID
PRINCIPOVAC
ADAŠEVCI
KRNJAČA
LOZNICA
BANJA KOVILJAČA
BEOGRAD
OBRENOVAC
LAJKOVAC
BOGOVAĐA
NIŠ
NOVI PAZAR
SJENICA
TUTIN
DIVLJANA
PIROT
DIMITROVGRAD
BOSILEGRAD
VRANJE
BUJANOVAC
PREŠEVO

## اگر مجھے سربیا میں پناہ مل جائے تو کیا میں اپنے خاندان والوں کو بلا سکتا/سکتی ہوں؟

آپ اپنے خاندان والوں کو بلا سکتے ہیں۔ خاندان کے وہ افراد جو آپ کے پاس آ سکتے ہیں ان میں آپ کی بیوی/شوہر، سربیا کے قانون کے مطابق وہ فرد جس کے ساتھ آپ شادی کے بغیر رہتے/رہتی ہیں، اٹھارہ سال سے کم عمر بچے، گود لیے بچے اور سوتیلے بچے شامل ہیں۔ بعض دفعہ ممکن ہے کہ ان کے علاوہ کسی اور فرد کو بھی خاندان کا حصہ سمجھا جائے، عمر کی وجہ سے، یا اس وجہ سے کہ وہ آپ پر منحصر ہے، اس کے علاوہ ایسے فرد کی صحت، سماجی اور دوسرے حالات پر بھی غور کیا جائے گا۔ مگر عام طور پر خاندان کے بارے میں سربیا کا قانون عائد ہوتا ہے۔ آپ کو اپنے رشتے کا ثبوت دینا ہو گا.

## پولیس سٹیشن جہاں وہ خاص افسر موجود ہیں جن کے پاس آپ سربیا میں پناہ کی عرضی دینے کا ارادے کا اظہار کر سکتے ہیں

بلگراد، ساوسکا ۳۵
بور، موشے پیادے ۵
چاچک، سارا دوشانا ۳
یاگودینا، بوشکا بوہے
کیکندا، براچے تاتچ ۵
کراگوواز، ترگ سلوبودے ۳
کرالیوو، وایوودے پوتنیکا ۳
کروشیواز، ستیوانا سنجیلیچا ۱
لیسکوواز، یوگ بوگدانووا ۶
نیش، نادے تومیچ ۱۴
نووی پازار، کے ۳۷
سانجچکے دیویزیے
نووی ساد، بولیوار کرالیا پیترا ۱۱۱
پانچیوو، یووے ماکسینا ۴۱ اے
پیروت، بیورسکا ۱۷
پوبیریواز، جورے جاکوویچا
پرے پولیے، دوشینا دوچیچا ۱
پروکوپلیے، تاتکووا ۴
سمیدریوو، دیسپووتا گرگورا ۲
سومبر، ترگ سارا اروشا ۱
سوبوتیتزا، سیگیدنسکی پوت ۴۵
شابتز، لازا لازریویچا ۸
اوییزے، نادے ماتیچ ۸
والیوو، اوزن میرکووا ۱ اے
ورانیے، ماتیے گوپچا ۴
زائچر، پانے جوکیچا ۱
زرینیانین، زورانہ کامینکوویچا ۱۰

## کیا مجھے یو این ایچ سی آر سے رابطہ کرنے کا حق ہے؟

کاروائی کے دوران کسی بھی وقت آپ کا قانونی حق ہے کہ آپ یواین ایچ سی آر سے رابطہ کریں۔*

## کیا مجھے سربیا میں غیر قانونی طور پر داخل ہونے کی سزا ملے گی؟

اگر آپ سربیا میں پناہ کی کاروائی آغاز کرنے کے ارادے کا اظہار کریں تو آپ کو ملک میں غیر قانونی پر داخل ہونے اور رہنے کی سزا نہیں ملنی چاہیے.

## کیا مجھے ڈیپورٹ کیا جا سکتا ہے؟

پناہ کی کاروائی ختم ہونے سے پہلے آپ کو سربیا سے ڈیپورٹ نہیں کیا جا سکتا۔

## کیا مہاجر بچے سربیا میں سکول جا سکتے ہیں؟

سربیا میں پرائمری تعلیم لازمی ہے۔ ہر کسی کا فرض اور حق ہے کہ وہ پرائمری تعلیم حاصل کرے۔ آپ اس بارے میں مزید معلومات اپنے سینٹر سے حاصل کر سکتے ہیں جہاں کومیساریات کے ملازمین آپ کو بتائیں گے کہ آپ اپنے بچوں کو سکول میں کیسے داخل کر سکتے ہیں۔

* یو این ایچ سی آر ساری دنیا میں پناہ کے طلبگار افراد اور مہاجرین کی امداد کی ذمہ دار ہے۔

## کیا حکومت عرضی دہندگان اور مہاجرین کی مالی امداد کرتی ہے؟

جن افراد کو مہاجر کے طور پر پناہ دی جاتی ہے یا جن کو ذیلی پناہ دی جاتی ہے حکومت ان کو فیصلہ ہونے کے بعد ایک سال تک کی مدت کے لیے کرائے کے لیے مالی امداد دیتی ہے لیکن صرف اس صورت میں اگر ان کے پاس نوکری نہ ہو اور نہ ہی بینک میں پیسے۔ ایسے افراد کے لیے ضروری ہے کہ وہ سربین زبان سیکھنا شروع کریں۔ اگر کسی فرد کو پناہ دی گئی ہے تو ان پر لازم ہے کہ وہ حکومت کی طرف سے فراہم کی جانے والے رہائش کے سینٹر میں رہنا ترک کر دیں۔ اس لیے کہ یہ سینٹر صرف پناہ کے طلبگار افراد کے لیے ہیں۔

## کیا مہاجرین کو سربیا میں کام کرنے کی اجازت ہے؟

جن افراد کو سربیا میں مہاجر تسلیم کیا جاتا ہے ان کا حق ہے کہ وہ کام کرنے کا اجازت نامہ لے کر کام کریں۔ پناہ کی کاروائی کے دوران ایسے افراد جن کی کاروائی کا فیصلہ نہیں ہوا اور عرضی دیے ہوئے نو مہینے کی مدت گزر چکی ہے ان کو بھی کام کا اجازت نامہ لے کر کام کرنے کا حق ہے۔ کام کا اجازت نامہ حاصل کرنے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے آپ بلگراد سینٹر برائے انسانی حقوق، یو این ایچ سی آر اور مفت قانونی امادا دینے والے دوسرے اداروں سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

## کیا حکومت سربین زبان سیکھنے میں مہاجرین کی مدد کرتی ہے؟

جن افراد کو سربیا میں پناہ مل جائے کومیساریات برائے مہاجرین ان کے لیے مفت سربین زبان سیکھنے کا انتظام کرتی ہے۔

# سربیا میں پناہ کے طلبگار افراد اور مہاجرین کے حقوق و فرائض

## پناہ کی کاروائی کے دوران میرے حقوق و فرائض کیا ہیں؟

کیس کا فیصلہ ہونے سے پہلے آپ کے حقوق و فرائض

- ملک میں رہنے اور ملک کے اندر گھومنے پھرنے کی آزادی، ممکن ہے کہ کسی خاص کیس میں آزادی سے گھومنے پھرنے پر پابندی ہو*
- رہائش، خوراک اور لباس
- اگر آپ سینٹر میں نہیں رہتے تو مالی امداد
- میڈیکل امداد
- مفت اور پرائمری سکول
- معلومات اور وکیل
- اپنے مذہب کے مطابق زندگی گزارنا
- پناہ کی عرضی دینے کے ۹ ماہ بعد کام کی اجازت
- شناختی کارڈ

*

آپ کو بند کیمپ میں رکھا جا سکتا ہے اگر آپ کی شہریت اور شناخت ثابت کرنے کے لیے ایسا کرنا ضروری ہو۔ اگر آپ کے کیس کے حقائق کی پڑتال کرنے کے دوران اس کی ضرورت ہو، اگر یہ شک ہو کہ آپ نے صرف ڈیپورٹ سے بچنے کے لیے پناہ کی عرضی دی ہے، عوامی تحفظ کی خاطر اور کاروائی کے دوران یہ فیصلہ کرنے کے لیے کہ کیا آپ کو سربیا میں داخل ہونے کا حق تھا یہ نہیں۔

## پناہ کی عرضی کے قبول ہونے کے بعد حقوق و فرائض

- ملک میں رہنا
- کرائے کے لیے مالی امداد
- ملک میں سفر کرنے کی آزادی
- مفت میڈیکل
- مفت پرائمری اور سیکنڈری سکول
- یونیورسٹی میں انہیں شرائط کے تحت تعلیم جو کہ سربیا کے شہریوں کے لیے عائد ہیں
- کام کی اجازت
- مفت وکیل
- سماجی بھلائی کے لیے امداد
- ملکیت
- مذہبی آزادی
- اپنے خاندان کے افراد کو بلانا
- ذاتی شناختی کاغذات
- معاشرے میں شمولیت کے لیے امداد

## کیا مجھے مفت وکیل پر حق ہے؟

آپ کا حق بنتا ہے کہ آپ کو کاروائی کے دوران سب معلومات فراہم کی جائیں۔ آپ کا حق ہے کہ آپ کو مفت قانونی امداد ملے اور آپ کا وکیل کاروائی کے دوران آپ کےساتھ ہو۔ بلگراد سینٹر برائے انسانی حقوق آپ کو مفت قانونی امداد فراہم کر سکتا ہے۔

اگر آپ بلگراد سینٹر برائے انسانی حقوق سے مفت قانونی امداد چاہتے ہیں تو

آپ کو مختار نامے پر دستخط کرنے کی ضرورت ہو گی کہ وکیل پناہ کی کاروائی کے دوران آپ کی نمائندگی کر سکے

## کیا پناہ کی کاروائی کی رفتار کو بڑھایا جا سکتا ہے؟

اسایلم آفس سے غلط بیانی نہیں کرنی چاہیے۔ اگر اپ نے بےمعنی معلومات دی ہیں، غلط بیانی کی ہے، کیس سے متعلق کاغذات اور ثبوت ضائع کیے ہیں یا پھر چھپائے ہیں، یا پھر آپ کے بیانات میں بہت فرق ہے اور آپ نے عرضی صرف اس لیے جمع کی ہے کیونکہ آپ سربیا کو چھوڑ جانے کے حکم پر عمل کو روکنا چاہتے ہیں تو کاروائی کی رفتار کو بڑھا کر تیس دن کے اندر فیصلہ کیا جا سکتا ہے۔

## کیا کومیساریات برائے مہاجرین اور یواین ایچ سی آر بھی فیصلہ کرنے کے عمل میں شامل ہوتے ہیں؟

کومیساریات برائے مہاجرین اور یواین ایچ سی آر فیصلہ کرنے کے عمل میں شامل نہیں ہوتے مگر کاروائی کے کسی بھی حصے کے دوران آپ کا حق بنتا ہے کہ آپ یواین ایچ سی آر سے رابطہ کریں۔

## سربیا کے کومیساریات برائے مہاجرین کی کیا ذمہ داری ہے؟

کومیساریات برائے مہاجرین کی ذمہ داری ہے کہ پناہ کے طلبگار افراد کی رہائش کا بندوبست کرے اور ان لوگوں کی مدد کرے جن کی پناہ کی عرضی قبول کر لی گئی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ اگر فیصلہ آپ کے حق میں ہوا ہے اور آپ کو مہاجر تسلیم کر لیا گیا ہے تو کومیساریات آپ کو ایک سال کی مدت تک کرائے کے پیسے دے گی اور آپ کے لیے سربین تاریخ اور ثقافت کے بارے میں سیکھنے کے لیے سکول کا بندوبست کرے گی۔

## اگر میری عرضی رد کر دی جائے تو کیا ہو گا؟

اگر اسایلم آفس آپ کی عرضی کو مسترد کر دے تو آپ کا حق بنتا ہے کہ آپ پندرہ دن کے اندر اسایلم کمیشن کے پاس اپیل دائر کریں۔ اسایلم کمیشن یا تو اپیل قبول کر لے گا یا پھر کیس اسایلم آفس کے پاس لوٹا دے گا کہ وہ دوبارہ اس پر غور کریں یا پھر خود فیصلہ کرے گا۔

اگر اسایلم کمیشن آپ کی اپیل کو رد کر دے تو آپ کا حق ہے کہ آپ عدالت میں اپیل کریں۔
اگر عدالت بھی آپ کی اپیل کو رد کر دے تو عام طور پر یہ توقع کی جاتی ہے کہ مقررکردہ وقت میں آپ سربیا سے چلے جائیں۔

## اگر میری عرضی قبول ہو جائے تو میں کتنے عرصے تک سربیا میں رہ سکتا/ سکتی ہوں؟.

اگر آپ کو مہاجر تسلیم کر لیا جائے تو شروع میں آپ کو پانچ سال تک سربیا میں رہائش کی اجازت ملتی ہے۔ اگر ذیلی پناہ ملے تو ہر سال رہائش کی مدت بڑھانا ضروری ہوتا ہے۔ مہاجر شانختی کارڈ کی مدت پانچ سال ہوتی ہے۔ ذیلی پناہ ملنے کی صورت میں شناختی کارڈ کی مدت ایک سال ہوتی ہے۔ آپ کو بتایا جائے گا کہ آپ کومیساریات برائے مہاجرین سے کرائے اور تعلیمی پروگرام کے لیے مدد کے سلسلے میں رابطہ کریں۔

سربیا میں پناہ ملنے کے بعد یو این ایچ سی آر سے مزید امداد حاصل کرنے لیے بلگراد سینٹر برائے انسانی حقوق سے رابطہ کریں۔

## مجھ سے کیسے سوالات پوچھے جائیں گے؟

- آپ سے زیادہ تر پوچھا جائے گا
- آپ کی شناخت اور ذاتی معلومات اور آپ کے خاندان والوں کے بارے میں
- پناہ طلب کرنے کی وجہ کے بارے میں
- سربیا تک آپ کے سفر کے بارے میں اور یہ کہ کیا راستے میں آپ نے کسی اور ملک میں پناہ کی عرضی جمع کروائی یا نہیں

## کیا مجھے ثبوت پیش کرنے کی ضرورت ہے؟

ہر ایک کا کیس فرق ہوتا ہے لیکن عام طور پر ثبوت پیش کرنا بہت بہتر سمجھا جاتا ہے۔

# ۴۔ فیصلہ

## میری عرضی کا فیصلہ کون کرے گا؟

پہلا فیصلہ اسایلم آفس کرتا ہے جو کہ وزارت داخلہ کا حصہ ہے۔

## پناہ کی کاروائی مکمل ہونے میں کتنا وقت لگتا ہے؟

عام طور پر پناہ کی عرضی جمع کرنے کے تین ماہ کے اندر فیصلہ ہو جانا چاہیے۔ مگر بعض دفعہ اس میں نو ماہ بھی لگ سکتے ہیں۔ اگر کیس میں بہت سے پیچیدہ حقائق یا قانونی مشکلات ہوں۔ یا پھر اگر اسایلم آفس کے پاس بہت سی عرضیاں جمع ہو جائیں۔ خاص حالات میں فیصلہ کی مدت کو مزید تین ماہ تک بڑھایا جا سکتا ہے اور اس صورت میں عرضی جمع کرنے کے بارہ ماہ کے بعد فیصلہ کیا جاتا ہے۔

## کیا پولیس والے میرے بارے میں معلومات کی پڑتال کریں گے؟

پناہ کی عرضی جمع کرنے والے ہر فرد کے بارے میں معلومات کی پڑتال کی جاتی ہے یہ دیکھنے کے لیے کہ کیا وہ ان افراد میں سے تو نہیں جن کو مہاجر کے طور پر تحفظ نہیں فراہم کیا جا سکتا۔ جیسا کہ جنگی مجرم، سنجیدہ نوعیت کے مجرم

## ۲- پناہ کی عرضی دینا

### مقرر کردہ سینٹر میں پہنچنے کے بعد اگلا قدم کیا ہے؟

پناہ کی کاروائی کا آغاز اس وقت ہوتا ہے جب آپ یا آپ کا وکیل آپ کی عرضی اسایلم آفس میں جمع کر دیتا ہے- رجسٹریشن کے پندرہ دن کے اندر عرضی جمع کرنا ضروری ہے۔ ایسا کرنے کے لیے اسایلم آفس کو اس سینٹر میں آنا چاہیے جہاں آپ موجود ہیں کہ آپ ذاتی طور پر عرضی جمع کر سکیں۔ اگر ایسا نہ ہو تو آپ اپنی عرضی ڈاک کے ذریعے مزید آٹھ دن کے اندر اندر اسایلم آفس میں بھیج دیں۔

### میں خود اپنے لیے عرضی کیسے جمع کر سکتا/سکتی ہوں؟

ایسا کرنے کیے لیے آپ کو ایک فارم پر کرنا ہو گا۔ یہ فارم مختلف زبانوں میں ہے اور آپ کو اپنی زبان میں فارم سینٹر میں کومیساریات کے دفتر سے طلب کرنے پر فراہم کیا جا سکتا ہے۔ فارم میں آپ کے اور آپ کے خاندان کی معلومات کے بارے میں سوال ہیں۔ آپ کو یہ بھی بتانا ہو گا کہ آپ نے اپنا ملک کس وجہ سے چھوڑا اور یہ کہ آپ کو کیسے حالات کا سامنا کرنا پڑے گا اگر آپ ملک واپس جائیں۔ آپ کا وکیل یہ فارم پر کرنے میں آپ کی مدد کرے گا۔

### عرضی دہندگان اور مہاجرین کو کیسے کاغذات ملتے ہیں؟

رجسٹریشن اور عرضی جمع کرنے کے بعد آپ کو عرضی دہندگان کا شناختی کارڈ مل جائے گا۔ یہ کارڈ پولیس جاری کرتی ہے۔ کومیساریات کا دفتر بھی آپ کو آپ کے سینٹر کا کارڈ دے گا۔ آپ کو چاہیے کہ یہ دو کارڈ ہر وقت اپنے ساتھ رکھیں۔

## ۳- انٹرویو

### عرضی جمع کرنے کے بعد مجھے کیا کرنا چاہیے؟

آپ کے کیس کے سب حقائق جاننے کے لیے اسایلم آفس آپ کے ساتھ انٹرویو کی تاریخ مقرر کرے گا۔ ممکن ہے کہ اس انٹرویو کے لیے آپ کو کسی اور سینٹر میں بھیجا جائے۔ اس بارے میں آپ کو کومیساریات کے دفتر سے وقت پر اطلاع مل جائے گی۔ سینٹر بدلنے کی درخواست اسایلم آفس سے سرکاری طور پر کی جاتی ۔

### انٹرویو کس زبان میں کیا جاتا ہے؟

پناہ کی کاروائی سربین زبان میں کی جاتی ہے اور آپ کو ترجمان فراہم کیا جائے گا۔ آپ کا حق ہے کہ آپ اس زبان میں بات کریں جو کہ آپ سمجھ سکتے ہیں۔ اگر آپ ترجمان کی بات نہیں سمجھ سکتے تو آپ کو چاہیے کہ آپ انٹرویو لینے والے افسر کو یہ بتائیں۔

### انٹرویو کے دوران کون موجود ہوتا ہے؟

اسایلم آفس کا نمائندہ آپ کا انٹرویو لے گا۔ آپ کا حق ہے کہ آپ کو مفت وکیل فراہم کیا جائے اور یہ کہ ساری کاروائی کے دوران وہ آُپ کے ساتھ موجود رہے۔

## کیا میں اپنی مرضی سے کیمپ کا انتخاب کر سکتا/سکتی ہوں؟

کیمپ کا انتخاب یہ دیکھ کر کیا جاتا ہے کہ کس کیمپ میں جگہ موجود ہے۔ آپ انتخاب نہیں کر سکتے۔ سربیا میں پانچ پناہ کے یا آسایلم سینٹر ہیں جو کہ ان شہروں میں ہیں – بانیا کوویلیچا، بوگوواجا، کرنیچا، سینزا اور توتن۔ اس کے علاوہ اور کئی رہائشی سینٹر بھی ہیں۔ سب سینٹر تقریبا ایک جیسے ہیں۔

## کیا پولیس مجھے میرے سینٹر میں لے جائے گی؟

عام طور پر پولیس پناہ کے طلبگار افراد کو ان کے سینٹر تک ٹرانسپورٹ نہیں فراہم کرتی اور آپ کو اپنے سینٹر تک خود پہنچنا چاہیے۔

## اگر میں اپنے سینٹر ۷۲ گھنٹے کے اندر نہ پہنچوں اور میرے پاس اس کی کوئی وجہ نہ ہو تو کیا ہو گا؟

آپ اپنی پناہ کی کاروائی جاری نہیں رکھ سکیں گے اور آپ کو پناہ کا/کی طلبگار نہیں سمجھا جائے گا بلکہ آپ غیر قانونی ہو جائیں گے اور آپ کو ایسا غیر ملکی فرد سمجھا جائے گا جو کہ ملک میں غیر قانونی طور پر موجود ہے۔

## کیا پناہ کی کاروائی کے دوران میں اپنی رہائش کی جگہ بدل سکتا/سکتی ہوں؟

اگر آپ اپنے خرچے پر سینٹر سے باہر رہ سکتے ہیں تو پناہ کی عرضی جمع کرنے کے بعد آپ سینٹر سے باہر رہنے کا بندوبست کر سکتے ہیں۔ اس کے لیے آپ کو اسایلم آفس سے تحریری اجازت کی ضرورت ہے۔ اگر آپ اجازت کے بغیر سینٹر سے باہر رہنے لگیں تو آپ کی پناہ کی کاروائی کو ختم کر دیا جائے گا۔

## کیا میں پناہ کی کاروائی کے دوران سربیا سے باہر کہیں سفر کر سکتا/سکتی ہوں؟

پناہ کی ساری کاروائی کے دوران بہت ضروری ہےکہ آپ سربیا میں رہیں اگر آپ اس کے دوران سربیا سے چلے جاتے ہیں تو آپ کی کاروائی ختم کر دی جائے گی۔

## کیا پناہ کے طلبگار افراد کی آزادی پر پابندیاں لگائی جا سکتی ہیں؟

یہ ممکن ہے کہ پناہ کے طلبگار افراد کو بند کیمپ میں رکھا جائے اگر اس کی کوئی وجہ ہو، مثلا کہ عوامی تحفظ کے لیے، یا جب کسی کی شناخت کرنے کے لیے ایسا ضروری ہو، یا پھر کسی فرد کی کاروائی کے دوران موجودگی کو یقینی بنانے کے لیے، یا حقائق کی تفتیش کے دوران اگر ایسا ضروری ہو۔

**مزید معلومات آپ کو یہاں مل سکتی ہیں**
**www.azil.rs or www.unhcr.rs**

### پناہ کی کاروائی کے دوران جو ذاتی معلومات میں فراہم کروں گی/گا کیا ان کا تحفظ کیا جائے گا


ہاں۔ کاروائی کے دوران فراہم کی جانے والی معلومات صرف وہ خاص افسر دیکھ سکتے ہیں جن کو اس کی اجازت ہے۔

### کیا آپ مجھے دوسرے ملکوں میں پناہ کی کاروائی کے بارے میں معلومات دے سکتے ہیں؟

ہم معذرت چاہتے ہیں مگر دوسرے ملکوں کے بارے میں یہ معلومات دینا ہمارے لیے ممکن نہیں۔

### پناہ کی کاروائی کے چار حصے ہیں:

| |
|---|
| ۱۔ رجسٹریشن |
| ۲۔ پناہ کی عرضی جمع کرنا |
| ۳۔ انٹرویو |
| ۴۔ کیس کا فیصلہ |







## ۱۔ رجسٹریشن

### سربیا میں پناہ کی عرضی کیسے دی جاتی ہے؟

عرضی دینے کے لیے سب سے پہلے ضروری ہے کہ آپ ذمہ دار عملے کے پولیس افسر کے پاس جائیں اور ان سے کہیں کہ آپ پناہ کی عرضی دینا چاہتے ہیں۔ پھر پولیس آپ کو رجسٹر کر لے گی۔

### اگر میری عمر اٹھارہ سال سے کم ہے تو کیا کروں؟

اگر تمہاری عمر اٹھارہ سال سے کم ہے اور تم اپنے ماں باپ یا گھر کے کسی بڑے کے بغیر سفر کر رہے ہو تو تمہارے لیے سماجی بھلائی کے سینٹر سے ایک نگران مقرر کیا جائے گا۔ تمہارا نگران ہر انٹرویو اور ساری کاروائی کے دوران تمہارے ساتھ رہے گا۔ تمہارا نگران رہائش، میڈیکل اور نفسیاتی امداد حاصل کرنے میں تمہاری مدد کرے گا۔ سکول میں، گھر کے افراد سے رابطہ کرنے میں اور تمہاری زندگی کے دوسرے اہم معملات میں تمہاری مدد کرے گا۔

### رجسٹریشن کی کاروائی کیا ہے؟

پولیس افسر تمہارا نام پتہ لے گا، تمہاری تصویر اتارے گا، فنگر پرنٹ لے گا اور تمہیں ایک کاغذ دے گا جس کا مطلب ہے کہ تم نے پناہ کی عرضی دینے کے ارادے کا اظہار کیا ہے۔ اس کاغذ پر یہ بھی لکھا ہو گا کہ تم نے کس کیمپ میں جانا ہے۔ کیمپ میں ۷۲ گھنٹے کے اندر پہنچنا ضروری ہے۔ یہ کاغذ تمہیں سنبھال کر رکھنا چاہیے اور اپنے کیمپ تک ۷۲ گھنٹے میں پہنچ جانا چاہیے۔

# پناہ

## پناہ کیا ہے؟

اگر آپ اپنے ملک واپس جانے سے خوفزدہ ہیں اس وجہ سے کہ آپ کا خیال ہے کہ وہاں آپ کو ایذا کا نشانہ بنایا جائے گا یا پھر آپ کو شدید نقصان کا اندیشہ ہے یا آپ کے حقوق کی خلاف ورزی ہو گی تو آپ کو سربیا میں پناہ کی عرضی دینے کا حق ہے۔ سربیا کے قواننین کے مطابق پناہ کا مطلب ہے اس غیر ملکی فرد کو رہائش اور تحفظ دینا جس کو پناہ یا ذیلی پناہ مل گئی ہو۔
سربیا نے ۱۹۵۱ کنونشن برائے مہاجرین اور اس سے متعلق ۱۹۶۷کی پروٹوکال پر دستخط کر کے بین الاقامی قانون کے مطابق مہاجرین کو پناہ دینے کی ذمہ داری قبول کی۔

اس بروشر کا مقصد ہے آپ کو معلومات فراہم کرنا کہ کس طرح اور کس بنیاد پر آپ سربیا میں پناہ کی عرضی دے سکتے ہیں اور اس کاروائی کے دوران آپ کے حقوق و فرائض کیا ہوں گے۔

## پناہ کس کو دی جا سکتی ہے؟

پناہ اس غیرملکی کو دی جا سکتی ہے جس کو حقیقی وجوہات سے خوف ہو کہ وہ ایذا کا نشانہ بنے گا/گی

- نسلی بنیاد پر
- جنسی بنیاد پر
- لسانی بنیاد پر
- مذہبی بنیاد پر
- قومی بنیاد پر
- کسی خاص سماجی گروہ میں ہونے کی وجہ سے
- سیاسی نظریے کی بنیاد پر

اور اس کے لیے ممکن نہیں یا پھر خوف کی وجہ سے وہ اپنے ملک میں تحفظ نہیں حاصل کر سکتا/سکتی۔ اگر کسی فرد کے پاس شہریت نہیں تو پھر یہ سب حالات اس ملک پر لازم ہوں گے جہاں اس کی رہائش ہے۔

ذیلی پناہ کب دی جاتی ہے؟ بعض دفعہ کسی فرد کو مہاجر کے طور پر پناہ دینا ممکن نہیں ہوتا مگر اس کو ذیلی پناہ دی جا سکتی ہے۔ ایسا اس وقت کیا جاتا ہے جب حقیقی وجوہات موجود ہوں جن کی وجہ سے یہ خطرہ ہو کہ اگر اس فرد کو واپس اس کے ملک بھیجا جائے یا پھر اس ملک میں جہاں اس کی رہائش ہے  تو اس کو شدید نقصان پہنچ سکتا ہے
شدید نقصان کا مطلب ہے

موت کا خطرہ حکم سزائے موت سے یا قتل سے

- تشدد [ تکلیف جو کہ حکومت کا افسر کسی خاص مقصد کے لیے پہنچائے] افسر کسی خاص مقصد کے لیے
- غیر انسانی یا ذلت کا سلوک یا سزا
- بین الاقوامی یا پھر داخلی حالات کی وجہ سے پیدا ہونے والی بدامنی سے جان کو خطرہ

پناہ کی کاروائی مفت ہے۔ پناہ کی عرضی کی کوئی فیس نہیں۔ پناہ کے طلبگار افراد کو مفت رہائش اور دوسری بنیادی خدمات فراہم کی جاتی ہیں۔ مگر یہ ضروری ہے کہ آپ رہائش کے سینٹر کے اصولوں پر عمل کریں اور سربیا کے قوانین کا احترام کریں۔

UNHCR
The UN Refugee Agency


**یو این ایچ سی آر – عالمی ادارہ برائے پناہ گزین**
اقوام متحدہ کا ہائی کمشنر برائے پناہ گزین
پتہ: بولیوار زورانا جنجیچا ۶۴
۱۱۰۷۰ بلگراد ۴۱ ۵۵ ۴۲۴
فون: +381 11 41 55 424
www.unhcr.rs


Belgrade Centre
for Human Rights


**بی سی ایچ آر – بلگراد مرکز برائے انسانی حقوق**
پتہ: کنیزا میلوشا ۴، ۱۱۰۰۰ بلگراد
فون: +381 11 30 853 28 +381 64 8246 508
www.azil.rs
bgcentar@bgcentar.org.rs

Belgrade Centre
for Human Rights

UNHCR
The UN Refugee Agency

UR

# سربیا میں پناہ کے طلبگار افراد کے لیئے معلومات

